457

آیات نمبر 81 تا 89 میں رسول اللہ (ﷺ) کی طرف سے انتباہ کہ اگر اللہ کی کوئی اولاد ہوتی تو سب سے پہلے میں اس کی عبادت کرتا۔ اللہ ہی اس کائنات کا رب ہے، ہر چیز کا اختیار اسی کے پاس ہے۔ مشرکین کے جھوٹے معبودوں کو کسی سفارش کا اختیار نہیں ہے۔ رسول اللہ (ﷺ) کو ہدایت کہ اگر یہ ایمان نہ لائیں تو ان سے درگزر کیجئے، عنقریب یہ خود ہی اپنا انجام جان لیں گے

قُلۡ اِنۡ كَانَ لِلرَّحۡمٰنِ وَلَدٌ ‌ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الۡعٰبِدِيۡنَ ﴿۸۱﴾ اے پیغمبر (ﷺ)! آپ کہہ دیجئے کہ اگر بالفرض رحمٰن کی اولاد ہوتی تو سب سے پہلے میں اس کی عبادت کرنے والا ہوتا سُبۡحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ رَبِّ الۡعَرۡشِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ﴿۸۲﴾ آسمانوں اور زمین کا رب اور عرش کا مالک، ان ساری باتوں سے پاک و منزہ ہے جو یہ مشرکین اس کی طرف منسوب کرتے ہیں فَذَرۡهُمۡ يَخُوۡضُوۡا وَ يَلۡعَبُوۡا حَتّٰى يُلٰقُوۡا يَوۡمَهُمُ الَّذِىۡ يُوۡعَدُوۡنَ ﴿۸۳﴾ آپ انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیجئے کہ یہ لوگ انہی بیہودہ خیالات میں مگن اور اپنے کھیل میں لگے رہیں حتیٰ کہ وہ دن آپہنچے جس کا ان سے وعدہ کیا جارہا ہے وَهُوَ الَّذِىۡ فِى السَّمَآءِ اِلٰـهٌ وَّفِى الۡاَرۡضِ اِلٰـهٌ‌ ؕ وَهُوَ الۡحَكِيۡمُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۸۴﴾ اور وہی ایک ذات ہے جو آسمان میں بھی معبود ہے اور زمین میں بھی صرف وہی پرستش کے لائق ہے، وہ بڑی حکمت والا اور سب کچھ جاننے والا ہے وَتَبٰرَكَ الَّذِىۡ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا‌ ۚ وَعِنۡدَهٗ عِلۡمُ السَّاعَةِ‌ ۚ وَاِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۸۵﴾ اور وہ بڑی بابرکت ہستی ہے جس کی آسمانوں، زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب پر

حکومت ہے، قیامت کا علم صرف اسی کو ہے اور تم سب کو اسی کی طرف واپس لوٹ
کر جانا ہے وَ لَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ
بِالْحَقِّ وَ هُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٦﴾ اور اللہ کے سوا جن کو یہ پکارتے ہیں، انہیں سفارش کا
کوئی اختیار نہ ہوگا سوائے ان کے جو حق بات کی شہادت دیں اور انہیں علم بھی ہو وَ
لَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿٨٧﴾ اے پیغمبر
(ﷺ)! اگر آپ ان سے دریافت کریں کہ انہیں کس نے پیدا کیا تو یہی جواب دیں
گے کہ اللہ نے، پھر یہ کہاں سے دھوکا کھا رہے ہیں وَ قِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ
قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾ اور قسم ہے رسول (ﷺ) کے اس قول کی کہ اے میرے
رب! یہ لوگ ایمان نہیں لاتے فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَ قُلْ سَلٰمٌ فَسَوْفَ
يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾ لہذا آپ ان سے درگزر کیجئے اور کہہ دیجئے کہ بس میرا اسلام ہے،
عنقریب انہیں اپنا انجام معلوم ہو جائے گا رکوع [۷]

[#457]

In verses 81 to 89, there is a warning from the Messenger of Allah [peace be upon him] that if Allah had any offspring, he would be the first to worship Him. Allah alone is the Lord of the universe, and all authority rests with Him. The false deities of the polytheists have no power to intercede. The Messenger of Allah [peace be upon him] is guided to show forbearance if they do not believe, for they will soon come to know their own fate.

قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿٨١﴾

[O Prophet!] Say, "If [Allah] the Most Merciful had a son, then I would be the first of the worshippers".

سُبۡحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ رَبِّ الۡعَرۡشِ عَمَّا
یَصِفُوۡنَ ﴿۸۲﴾

Highly exalted is the Lord of the heavens and the earth, the Lord of the Throne, [far] above all that they ascribe to Him!

فَذَرۡهُمۡ یَخُوۡضُوۡا وَ یَلۡعَبُوۡا حَتّٰی یُلٰقُوۡا یَوۡمَهُمُ الَّذِیۡ
یُوۡعَدُوۡنَ ﴿۸۳﴾

So, leave them alone [O Prophet!] to indulge in idle talk and to play, until they meet their Day which they have been promised.

وَ هُوَ الَّذِیۡ فِی السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّ فِی الۡاَرۡضِ اِلٰهٌ ؕ وَ هُوَ
الۡحَکِیۡمُ الۡعَلِیۡمُ ﴿۸۴﴾

And He is the One, who is God in the Heaven and God in the earth. And He is the All-Wise, the All-knowing.

وَ تَبٰرَكَ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا
بَیْنَهُمَا ۚ وَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾

And blessed is the One, to whom belongs the dominion over the heavens and earth, and all that is between them. With Him [alone] is the knowledge of the Hour [of Doom], and to Him shall you all be returned.

وَ لَا یَمْلِكُ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ
شَهِدَ بِالْحَقِّ وَ هُمْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾

And all those whom they invoke apart from Him hold [no power] of intercession—except for those [whom He permits to intercede and] who bear witness to the truth, and they have the [true] knowledge.

وَ لَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ مَّنۡ خَلَقَهُمۡ لَیَقُوۡلُنَّ اللّٰهُ فَاَنّٰی
یُؤۡفَکُوۡنَ ﴿۸۷﴾

Indeed, if you ask these [disbelievers] who it is that has created them, they would, most surely, say: It is Allah. How, then, are they turned away [from the truth]?

وَ قِیۡلِهٖ یٰرَبِّ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوۡمٌ لَّا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۸۸﴾

And [Allah acknowledges] his saying, "O my Lord, indeed these are a people who do not believe".

فَاصۡفَحۡ عَنۡهُمۡ وَ قُلۡ سَلٰمٌ ؕ فَسَوۡفَ یَعۡلَمُوۡنَ ﴿۸۹﴾

رکوع [۷]

So, turn away from them and say, "Salam." Soon they will come to know [their fate].